مطبوعات

REVOLUTIONARY STRATEGY FOR NATIONAL DEVELOPMENT

قومی ترقی کے لیے ایک انقلابی اقدام

تالیف: جناب ابراہیم احمد بھاوانی۔
شائع کردہ: پرنٹ باؤنڈ لمیٹڈ۔۹ رسل چیمبرز
بری پلیس۔ لندن WC1 - A 2JS.

صفحات ۸۶۔

اسے ملکی معیشت کے لیے ایک نیک فال کہا جا سکتا ہے کہ اس ملک کے بعض صنعت کاروں نے جو صنعتی ترقی کے میدان میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں ملک کے اقتصادی مسائل پر اظہار خیال شروع کیا ہے اسی سلسلے میں پہلے جناب یوسف حسین شیرازی کی چند فکر انگیز کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن کا ترجمان القرآن میں تعارف بھی کرایا جا چکا ہے۔ جناب ابراہیم بھاوانی کی زیر تبصرہ تالیف بھی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ بلکہ ایک اعتبار سے وہ اس موضوع پر بعض دوسری تصنیفات پر نمایاں فوقیت رکھتی ہے فاضل مصنف نے اپنی تصنیف کا آغاز اس بدیہی حقیقت کے اعتراف سے کیا ہے وہ اوّل و آخر مسلمان ہیں اور اس لیے تمام مسائل کا دینی نقطۂ نظر سے جائزہ لینا چاہتے ہیں، اس لیے اُن کے جائزے میں وہ معروضیت پیدا نہیں ہو سکتی جو ریاضی میں نظر آتی ہیں۔ اس نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ پاکستانی معیشت کے بارے میں آج تک جس قدر کتب لکھی گئی ہیں اُن میں یہ کتاب منفرد حیثیت کی حامل ہے کیونکہ اس میں اُن اصولوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے جو اسلام معیشت کے دائرے میں پیش کرتا ہے۔

پھر اس کتاب کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بھاوانی صاحب مغرب کے مقلد نہیں ہمارے ہاں بدقسمتی سے یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ معاشی خوشحالی کی دو ہی صورتیں ممکن ہیں، یا مغربی سرمایہ داری کی تقلید یا اشتراکیت کی پیروی۔ ان دو صورتوں کے علاوہ معاشی ترقی کی کوئی تیسری صورت